13-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاست میں گرام پنچایت انتخابات کے دوسرے مرحلے کی پولنگ کل ہوگی۔ 3,911 سرپنچ عہدوں کیلئے12,782امیدوار میدان میں ہیں۔

۲۔سماج وادی پارٹی کے سربراہ اوراتر پردیش کے سابق وزیراعلی اکھلیش یادونے کہاہے کہ وہ تقسیم کی سیاست کوروکنے کے مقصد کے ساتھ ویژن انڈیا کے ساتھ کام کررہے ہیں۔

۳۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت والی ٹیم آج رات حیدرآباد کے اپل اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے نمائشی میچ میں مشہورفٹ بال کھلاڑی لیونل میسی کی قیادت والی ٹیم سے مقابلہ کرے گی۔

۴۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے انتباہ دیتے ہوئے کہاہے کہ ریاست میں کل اورپیرکوسردی کی شدت میں اضافہ کے پیش نظرعوام چوکس رہیں۔

PANCHAYAT-KAREEM NAGAR

کل ہونے والے پنچایت انتخابات کے دوسرے مرحلہ کی رائے دہی کے لئے کریم نگر پولیس کمشنریٹ حدود کے 5 منڈلوں میں دفعہ 163 نافذ کردی گئی ہیں۔پولیس کمشنرغوث عالم نے یہ بات بتائی۔انہوں نے کہا کہ چگورومامڈی، گنے ورم، تماپور، ماناکنڈور،شنکرپٹنم منڈلوں میں پانچ یا اس سے زائدافراد کے جمع ہونے پرپابندی عائدرہے گی۔

COLD WAVE

آصف آباد ضلع میں سردی کی شدت میں اضافہ ہوا ہے۔آج صبح 8 ڈگری درجہ حرارت درج کیاگیا۔گزشتہ چند دنوں سے سردی کی شدت سے عوام کومشکلات کا سامنا ہے۔موسمی امراض کے سبب آصف آبادمیں بیماریوں کے بارے میں چوکس کردیا گیا ہے۔

## TEXTILES

راجنا سرسلہ ضلع کے تنگالا پلی منڈل میں ٹکسٹائل پارک میں بند ہونے والی صنعتوں کودوبارہ کھولنے کا مطالبہ تلنگانہ ویورس اسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری کے رمیش نے کیا ہے۔انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ یہ پارک جو ریاست میں اپنی نوعیت کا پہلا پارک تھا، چندسال پہلے ہزاروں افرادکوروزگارفراہم کرتا تھالیکن یہاں پراب 200افرادکوبھی روزگارنہیں مل رہا ہے۔انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلی جو بیرون ممالک سے صنعتوں کو مدعوکررہے ہیں،ریاست میں ایسی صنعتوں کا خیال نہیں رکھ رہے ہیں۔انہوں نے اس پارک کا آج دورہ کیا۔

## COLD WAVE RAJANNA SIRSILLA

راجنا سرسلہ ضلع میں اقل ترین درجہ حرارت 8.4ڈگری سلسیس درج کیا گیا ہے۔عہدیداروں نے یہ بات بتائی۔سردی کی لہرمیں اضافہ کے سبب عوام گھروں تک ہی محدود ہیں۔

## WEATHER

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے انتباہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست میں کل اور پیرکوسردی کی شدت میں اضافہ کے پیش نظرعوام چوکس رہیں۔دس سال میں پہلی مرتبہ اتنا زیادہ اقل ترین درجہ حرارت درج کیا گیا ہے۔کل 20اضلاع اور پیرکو12اضلاع کے لئے آرینج الرٹ کا انتباہ دیا گیا ہے۔آج صبح بیشتر اضلاع میں درجہ حرارت 9.6ڈگری سلسیس درج کیا گیا ہے۔پٹن چیرو میں 5.4 ڈگری،سنگاریڈی میں 6.1ڈگری، وقارآباد میں 6.6ڈگری درجہ حرارت درج کیا گیا۔عادل آباد اورمیدک میں اقل ترین درجہ حرارت 7ڈگری سلسیس درج کیا گیا ہے۔کئی اضلاع میں کہر کی گھنی چادر کے پیش نظرچوکس رہنے کی محکمہ موسمیات نے ہدایت دی ہے۔

KAKATIYA ATTENDANCE

ورنگل ضلع کی کاکتیہ یونیورسٹی میں پیر سے مرحلہ واری طور پر شہرہ شناسی کے ذریعہ حاضری پر عمل کیا جائے گا۔ یونیورسٹی کے پروفیسر راچند رراو نے ایک پریس ریلیز میں آج یہ بات بتائی ۔ پہلے مرحلہ میں یونیورسٹی کے اڈمنسٹریٹیو شعبہ، کیمپس کے کالجس، فاصلاتی مرکز، اگزامنیشن ڈپارٹمنٹ، فارمیسی، انجینئرنگ اور ہاسٹلس میں یہ سسٹم شروع کیا جائے گا۔

PANCHAYAT POLLS

ریاست میں گرام پنچایت انتخابات کے دوسرے مرحلے کی پولنگ کل ہوگی۔ 3,911 سرپنچ عہدوں کے لئے 12,782 امیدوار میدان میں ہیں۔ اس کے علاوہ 29,913 وارڈ ممبر کے عہدوں کے لئے 71,070 افراد مقابلہ کر رہے ہیں۔ اس مرحلہ میں تقریباً 57 لاکھ 23 ہزار ووٹرس کو اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے۔ پولنگ کل صبح سات بجے شروع ہوگی جو دوپہر ایک بجے تک جاری رہے گی۔ ووٹوں کی گنتی دوپہر 2 بجے ہوگی۔ اس کے فوراً بعد ڈپٹی سرپنچ کا انتخاب ہوگا۔ پولنگ کے اس مرحلہ کے لئے 4,331 سرپنچ کے عہدے اور 415 سیٹوں کا متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا ہے۔ مختلف وجوہات کی بنا پر 5 نشستوں کے لئے پرچہ نامزدگی داخل نہیں ہوسکے۔ اس کے علاوہ 38,332 وارڈوں کے لئے 8,308 مقامات پر متفقہ انتخاب ہوا۔ 11 نشستوں کے لئے داخل کردہ پرچہ نامزدگی درست نہیں ہیں۔

GODAVARI PUSHKARALU

گوداوری پشکرالو کا مہورت قطعیت دیا جاچکا ہے۔ آندھراپردیش حکومت نے یہ بات بتائی۔ 26 جون 2027 سے 7 جولائی تک پشکرالو ہوگا۔ انڈومنٹ ڈپارٹمنٹ کے بہ اعتبار عہدہ سکریٹری ایم ہری جواہر لال نے یہ بات بتائی۔

SC ST INDUSTRALISTS

تلنگانہ ایس سی ایس ٹی انڈسٹریلیسٹ اسوسی ایشن کے صدرنشین پی سرینواس نے کہا ہے کہ حال ہی میں منعقدہ تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ میں ایس سی، ایس ٹی صنعت کاروں کے ساتھ 580 کروڑ روپئے کی یادداشت مفاہمت پر دستخط ایک اہم پیشرفت ہے۔انہوں نے کہا کہ اس معاہدہ کے تحت ریاست میں فوڈ پروسیسنگ، دیہی گودام، فارما کمپنیاں، گوشت، پھل اور ترکاریوں کی پروسیسنگ کے مراکز قائم کئے جائیں گے۔

Football

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت والی ٹیم آج رات حیدرآباد کے اپل اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے نمائشی میچ میں مشہور فٹ بال کھلاڑی لیونل میسی کی قیادت والی ٹیم سے مقابلہ کرے گی۔اس موقع پر اسٹیڈیم کے اطراف کے علاقوں میں سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔رچہ کونڈہ کے پولیس کمشنر سدھیر بابو نے کہا کہ دوپہر 12 بجے سے لگائی گئی ٹریفک پابندیاں نصف شب 12 تک جاری رہیں گی ۔ انہوں نے بغیر ٹکٹ والوں کو مشورہ دیا کہ وہ گراؤنڈ کے آس پاس نہ آئیں۔دریں اثنا، بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ ایٹلا راجندر نے ان مقابلوں پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی ایک ایونٹ منیجر کی طرح کام کررہے ہیں۔انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ عوامی مسائل کو ایک طرف رکھ کر میسی کے ساتھ فٹ بال کھیل رہے ہیں۔ راجندر نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ سنگارینی ہاسٹل کی مرمت یا عملے کو تنخواہ دینے کے لیے پیسے نہیں ہیں لیکن اس طرح کے کھیلوں پر کروڑوں روپے خرچ کئے جارہے ہیں۔

Khammam Panchayat

کھمم ضلع کے 6 منڈلوں میں 183 سرپنچ اور 1686 وارڈ ممبر کے عہدوں کے لئے کل پولنگ ہوگی۔ کھمم کے پولیس کمشنر سنیل دت نے کہا کہ 28 علاقوں میں 304 مسائل والے مراکز کی نشاندہی کی گئی ہے اور سی سی ٹی وی کیمرے اور ویب کاسٹنگ کا اہتمام کیا گیا ہے۔

RAJANNA PANCHAYAT

راجنا سرسلہ ضلع کے بوئن پلی، ایلنتو کنٹہ، تنگالا پلی منڈلوں میں کل پنچایت انتخابات کی دوسرے مرحلہ کی پولنگ ہوگی۔ 77 سرپنچوں کے عہدوں، 530 وارڈ ارکان کے عہدوں کے لئے یہ پولنگ ہوگی۔ انچارج کلکٹر گریما اگروال نے یہ بات بتائی۔

Sound Byte

Jangaon Panchayat

جنگاؤں حلقہ کے جنگاؤں نرمٹا، ترگوپلے اور بچنا پیٹ منڈلوں میں کل پنچایت پولنگ ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی مکمل ہونے تک جلوسوں یا مظاہروں کی اجازت نہیں رہے گی۔ آل انڈیا ریڈیو سے بات کرتے ہوئے کلکٹر رضوان باشاہ نے یہ بات بتائی۔

Sound Byte.

Nalgonda Panchayat

ضلع ایس پی نرسمہا نے کہا کہ سوریا پیٹ ضلع میں پنچایت انتخابات کے دوران پانچ درجے کی سیکورٹی کے لئے 1500 ملازمین پولیس کو تعینات کیا گیا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ پولنگ کے بارے میں غلط پروپگنڈہ کرنے والوں اور پولنگ میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

Vision India Summit

سماج وادی پارٹی کے سربراہ اور اتر پردیش کے سابق وزیر اعلی اکھلیش یادو نے کہا ہے کہ وہ تقسیم کی سیاست کو روکنے کے مقصد کے ساتھ ویژن انڈیا کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مثبت اور ترقی پسند سیاست ان کی ترجیح ہے۔ انہوں نے آج حیدر آباد میں اپنی پارٹی کے زیر اہتمام منعقدہ ویژن انڈیا سمٹ میں شرکت کی۔ اس موقع پر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس طرح کی کانفرنس تمام بڑے شہروں میں منعقد کی جارہی ہیں تاکہ نوجوانوں میں ٹکنالوجی کے استعمال اور مستقبل میں ہونے والی تکنیکی ترقی جیسے مسائل پر بیداری پیدا کی جاسکے۔ پہلی کانفرنس بنگلورو میں اور دوسری کانفرنس حیدر آباد میں منعقد ہوئی۔ اکھلیش یادو نے کہا کہ کسانوں کے مفاد میں بنیادی ڈھانچہ کی ترقی، بہتر سہولیات، صحت وغیرہ میں اے آئی ٹکنالوجی کو موثر طریقہ سے استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماہرین نے کانفرنس میں ان پر کئی تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ خاص طور پر جرائم پر قابو پانے کے لئے اے آئی ٹکنالوجی کا استعمال کیا جانا چاہئے۔

○○